Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۰ جون ۱۹۳۶ء جلد ۲۸

حصہ اول

احکام جلیلہ ہمایوں بندگان اعلیحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

---

(۱) معافی قصور و عطائے اجازت ملازمت بہ محمد نصر اللہ خاں (ولد حمید اللہ خاں مرحوم)

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- (مسوری) واقع ۱۳ / جون سنہ ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ۔ محمد نصر اللہ خاں ولد حمید اللہ خاں کو بمعافی قصور ملازمت کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　می رساند

جناب عالی

محمد نصر اللہ خاں ولد حمید اللہ خاں مرحوم نے درخواست گذرانی ہے۔ کہ سال سنہ ۱۹۳۳ء میں بوجہ نادانی و ناتجربہ کاری سیاسی تحریک میں شامل ہوگیا تھا۔ اس کے بعد سے فدوی نے کبھی کسی تحریک میں حصہ نہیں لیا۔ نہ آیندہ کسی ایجیٹیشن میں حصہ لیگا۔ بلکہ ہمیشہ وفادار رعایا میں رہیگا۔ فدوی جوان قسم اور قدیمی باشندہ ریاست ہے۔ اور بیکاری کے باعث سخت پریشان ہے۔ فدوی کا قصور معاف فرما کر ملازمت کے لئے اجازت عطا فرمائی جائے۔

پولیس سے دریافت حال کیا گیا تھا۔ عالیمرتبت صاحب نائب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس نے لکھا ہے کہ عرضیگذار زیر دفعہ ۱۰۸ ضابطہ فوجداری ماخوذ ہوا تھا۔ و دو ماہ بعد ضمانت پر رہا ہوا۔ اسوقت سے سائل کا چال چلن اچھا رہا اور پھر اس نے سیاسی تحریک میں کوئی حصہ نہیں لیا۔ کاغذ ذریعہ عرضداشت حضور والا میں پیش ہے۔ ترقیخواہ عرض پرداز ہے کہ عرضیگذار شریف خاندان اور خانہ زاد ہے۔ چشمگاہ ہمایوں سے حکم اجازت عطائے ملازمت شرف نفاذ پائے۔ تو باعث رعایا پروری ہے۔ زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۱ / جون سنہ ۱۹۳۶ء

حسب تقاضا حکم ہمایوں سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۳ / جون سنہ ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر